## سوال

(743) مسبوق نمازی جس رکعت میں شامل ہوا اس میں ثنا پڑھے گا؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ظہر کی جماعت ہو رہی ہے، آدمی دو رکعت لیٹ ہو جانے پر تیسری رکعت میں شامل ہوتا ہے۔ تو کیا وہ نماز فاتحہ سے شروع کرے یا 'سبحانک ا ' سے؟ اور وہ سورہ فاتحہ کے بعد کوئی سورت ملائے گا یا نہیں؟ کیونکہ مقتدی کی تو پہلی رکعت ہے اور امام کی تیسری، جس میں وہ اور باقی تمام رکعات ساتھ پڑھنے والے مقتدی صرف ''سورۃ فاتحہ'' ہی پڑھیں گے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز میں ''سورہ فاتحہ'' کی قرأت چونکہ ضروری ہے اور 'سبحانک ا ' پڑھنا مسنون ہے۔ لہٰذا صرف فاتحہ کی قرأت کا اہتمام ہونا چاہیے۔ ہاں البتہ مقتدی اگر یہ سمجھتا ہے کہ ثناء کے بعد امام کے رکوع میں جانے سے پہلے ''فاتحہ'' کو پڑھ سکتا ہے، تو ثناء بھی پڑھ سکتا ہے اور ''سورہ فاتحہ'' کے علاوہ دوسری سورت بھی ملا سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

## کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 639

محدث فتویٰ